اداریہ

عصر حاضر کے نظریاتی اور فکری انتشار نے امت مسلمہ کو جس اذیت و کرب کا شکار کر رکھا ہے، اس کا ادراک و علاج کیے بغیر اسلامی فکر کی تشکیل نو کا خواب کبھی تعبیر سے بغل گیر نہیں ہو سکتا۔ اس ادراک وعلاج کے لیے فقط جذبات کی نمی، عقیدت کی گرمی، دل ہی دل میں کڑھنا اور زبان سے نالہ و فریاد کرنا کافی نہیں، بلکہ قرآن و سنت کے اصل مفاہیم کی گہری جانکاری اور اس جانکاری کی روشنی میں عملی لائحہ عمل کی تشکیل ہے فی زمانہ یہی انسانیت کی بڑی خدمت اور یہی منشاء خداوندی کا تقاضا بھی ہے۔ اس خدمت کی انجام دہی اور منشاء خداوندی کے تقاضوں کی تکمیل اسی صورت میں ممکن ہے ، جب اسلام کے بنیادی تصورات کی عصر حاضر کی ضرورتوں کے مطابق نئے سرے سے تنقیح کر کے اسلام کو ایک کامل اور جامع نظریہ حیات کے روپ میں پیش کیا جائے کیونکہ اسلامی تعلیمات ہی وہ لازوال، بے نظیر، زندگی آموز اور حیات افروز تعلیمات ہیں، جو انسانیت کی بقاء، نفع بخش معاشرے کے قیام اور امن و سکون کی ضامن تہذیب و ثقافت کے نمو و ارتقاء کی بنیادیں فراہم کر سکتی ہیں۔

آج امت مسلمہ کو ہر میدان میں جس ہزیمت و شکست کا سامنا ہے۔ اس کی وجہ ہمارا فکری جمود و تعطل ہے جبکہ اسلام دشمن قوتوں کے مفکرین، دانشوروں، ادیبوں، فنکاروں اور سیاست دانوں نے اسلام اور امت مسلمہ پر یلغار کی مستقل مہم شروع کر رکھی ہے۔ وہ اسلام کے چہرہ کو مسخ کرنے اور اس کو وحشت ناک صورت میں اقوام عالم کے سامنے پیش کرنے کے لیے اسلام کے بنیادی افکار، شریعت اسلامیہ کے اساسی مآخذ، اسلامی تاریخ، غرض اسلام سے متعلق ہر چیز کو نشانہ بنا کر فکر اسلامی کی تشکیل نو میں مزاحم ہو رہے ہیں۔ اسلام اور امت مسلمہ کو اس وقت جس نازک اور گھمبیر صورت حال کا سامنا ہے اور اس باب میں جن اعتراضات و اشکالات کا اظہار کیا جا رہا ہے ان کے پیش نظر حمیتِ اسلامی سے سرشار ہر صاحبِ علم و فکر کا فرض ہے کہ وہ علمی دیانت داری اور دردمندی سے اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے آگے بڑھ کر اسلامی تعلیمات کو ان کی اصل روح کے مطابق پیش کرنے کے لیے علمی توانائیاں بروکار لائے۔

الحمد للہ! علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز اپنے قیام سے تاحال اسلامی تعلیمات کو ان کی اصل روح کے مطابق عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے تدریسی و تحقیقی سطح پر خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ تاکہ فکر اسلامی کی تشکیل نو کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔ فیکلٹی کے علمی و تحقیقی مجلّہ معارف اسلامی کی اشاعت کا مقصد بھی درحقیقت یہی ہے اور معارف اسلامی کا موجودہ شمارہ اردو، عربی اور انگریزی زبان میں لکھے گئے تحقیقی

نوعیت کے مضامین کا حامل ہے۔

آخر میں ہم ان تمام صاحبان نگارش کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنی نگارشات سے مجلّہ ہذا کو قابل اشاعت بنایا۔ اللہ سب کو جزائے خیر دے اور ہماری اس کاوش کو اپنے حبیب مکرم حضرت محمد ﷺ کے طفیل شرف قبولیت عطا فرمائے۔ **اللّٰھمّ وفّقنا بما تحبّ و ترضٰی. اٰمین یا رب العالمین۔**

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

مدیر